الصحیفہ فی الاحادیث الضعیفہ من واقعہ کربلا

انجنیئر محمد علی مرزا صاحب

قاسم عزیز جہلم

الصحیفه فے الاحادیث الضعیفه من واقعه کربلا
انجنیئر محمد علی مرزا صاحب

قاسم عزیز جهلم

بِسمِ اللهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

الحمد اللہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علیٰ رسولہ الکریم الامین ،أمابعد

انجینئر محمد علی مرزا صاحب نے اپنے ریسرچ پیپر واقعہ کربلا کے ہر صفحے پر دعویٰ کیا ہے کہ فرقہ واریت سے بچ کر صرف ,, قرآن اور صحیح احادیث ،، کو حجت و دلیل ماننے اور جھوٹی بے سند اور ضعیف الاسناد روایات کے فتنوں سے بچنے والوں کے لیے اور تاریخ کی بےسند اور ضعیف الاسناد روایات سے محفوظ اور 72- شہداء کربلا سے اظہار عقیدت پر مشتمل تحقیقی مقالہ

مگر انجینئر محمد علی مرزا صاحب اپنے ہی دعویٰ اور اصولوں کے خلاف اس تحقیقی مقالے میں بہت سی ضعیف الاسناد احادیث جمع کی ہیں جو الحمد اللہ میں نے بغیر حسد، بدنیتی نفرت اور بیزاری سے نیوٹرل ہو کر صرف اور صرف اصول محدثین کے تحت ان احادیث کا ضعف اور سقم واضح کیا ہے الحمد اللہ ہر راوی حدیث پر محدثین نے جو جرح و تعدیل پر دلائل دیے ہیں میں نے ان کو ایمانداری سے نقل کر دیا ہے اور مقدمہ اہل علم اور عوام و خواص کے سامنے رکھ دیا ہے اللہ تعالیٰ فرقہ پرستی اور رافضیت اور ناصبیت کے فتنے سے محفوظ ہو کر حق و سچ کہنے اور لکھنے کی توفیق عطا فرمائے آمین

انجینئر محمد علی مرزا صاحب نے اپنی تحریروں میں یہ دعویٰ کیا ہے کہ یہ اہم تحقیق صرف قرآن اور صحیح احادیث پر مشتمل ہے اور رہی حقیقت تاریخی کتب کی چند بے سند ،ضعیف ومن گھڑت واقعات اور بے بنیاد روایات کی تو عقل رکھنے والوں کے لیے صرف اتنا عرض کر دینا کافی ہےکہ محدثین عظام کے علمی میدان میں ان جھوٹے تاریخی حوالوں کی حیثیت کھوٹے سکوں کی مانند ہے جبکہ آپ (انجینئر محمد علی مرزا صاحب) اپنے ہی دعویٰ کے خلاف واقعہ کربلا کے حقیقی پس منظر ریسرچ پیپر کے پہلے صفحے پر ہی تاریخی روایت کا سہارا لیا اور واقعہ کربلا کے شرکاء کی تعداد 72 منقول ہے کا عنوان دیا

واقعہ کربلا کا حقیقی پس منظر ریسرچ پیپر کے صفحہ نمبر 01 پر (72 - شہداء کربلا) سے اظہار عقیدت پر مشتمل تحقیقی مقالہ کے عنوان سے تاریخی روایت کہ اس واقعے میں شریک افراد کی تعداد 72 جو صحیح سند سے ثابت ہی نہیں ہے

تاریخ طبری (تاریخ الامم و الملوک) جلد نمبر 05 اور اس کا صفحہ نمبر 422

کی روایت کے مطابق سیدنا امام حسین کے ساتھ 72 افراد شرکائے سفر تھے اس روایت کی سند میں ابو مخنف لوط بن یحیی پر محدثین کی جرح ہے

لوط بن یحیی الکوفی کا مختصر تعارف

نام: لوط بن یحیی: الشہرة: لوط بن یحیی الکوفی

الصحیفه فے الاحادیث الضعیفه من واقعه کربلا
انجنیئر محمد علی مرزا صاحب

کنیت: أبو مخنف: النسب : الكوفي

المتوفی 157 ھ:ضعیف اور کذاب راوی

الجرح و التعدیل

لوط بن یحیی ابو مخنف الغامدي شیعه و کذاب ہے۔

أبو أحمد بن عدي الجرجاني : شيعى محترق صاحب أخبارهم

أبو حاتم الرازي : متروك الحديث

أبو دواد السجستاني : سئل عنه، فقال: أحد يسأل عن هذا

ابن عراق : کذاب تالف: الدارقطني : ضعيف

الذهبي : أخباري تالف، لا يوثق به، وقال هالك

يحيى بن معين : ليس بثقة، ومرة: ليس بشيء اور امام ابن الجوزی نے کہا الکلبی اور ابو مخنف جھوٹے ہیں

امام سیوطی نے کہا لوط اور کلبی جھوٹے ہیں

مسند امام احمد حدیث نمبر 27440 اور مجمع الزوائد ومنبع الفوائد حدیث نمبر 12024 قال امام الهیثمی ورجاله ثقات واقعہ کربلا کے حقیقی پس منظر ریسرچ پیپر کے صفحہ نمبر 05 حدیث نمبر 12 کے تحت

سیدنا ابو رافع سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سیدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے فرمایا: عنقریب تمہارے اورعائشہ رضی اللہ عنہا کے مابین جھگڑا ہو گا۔ سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے کہا: اے اللہ کے رسول! کیا میرے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہاں۔ انھوں نے پھر کہا: اللہ کے رسول! کیا میں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں۔ انھوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! تب تو میں سب سے بڑھ کر بد نصیب ہوں گا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نہیں، یہ بات نہیں ہے، بس جب ایسی صورت حال پیدا ہوجائے تو عائشہ کو اس کی امن گاہ تک پہنچا دینا..

مسند احمد بن حنبل حدیث نمبر 27440 میں انجنیئر صاحب کی حدیث کے متن میں تحریف۔

انجنیئر صاحب کا ترجمہ: ایک دفعہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے علی تیرا جھگڑا ہوگا عائشہ کے ساتھ تو حضرت علی نے کہا کہ میں تو بڑا ظالم ہوں گا یا رسول اللہ میں آپ کی بیوی کے ساتھ جھگڑا کروں گا آپ نے فرمایا وہ(یعنی عائشہ) ظالم ہوگئی رسول اللہ اب آپ مجھے کیا حکم دیتے ہیں...... اس حدیث میں انجینئر صاحب نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر جھوٹ بولا کہ آپ نے فرمایا عائشہ ظالم ہوگئی (معاذاللہ) وڈیو کلپ قرآن تفسیر لیکچر کلاس نمبر 321 سورۃ التحریم مکمل ترجمہ و تفسیر

الصحیفه فے الاحادیث الضعیفه من واقعه کربلا
انجنیئر محمد علی مرزا صاحب

اس حدیث کی سند یہ ہے حدثنا حسین بن محمد ، قال: حدثنا الفضل یعنی ابن سلیمان ،قال: حدثنا محمد بن ابی یحییٰ ------------- إلخ

فضیل بن سلیمان النمیری کا مختصر تعارف

نام : فضیل بن سلیمان

الشهرة : الفضیل بن سلیمان النمیری

کنیت : ابو سلیمان: النسب : البصری ، النمیری: المتوفی 183 ھ

نوٹ

شیخ زبیرعلی زئی صاحب بخاری ومسلم کے اس راوی کو ضعیف قراردیتے ہوئے لکھتے ہیں

اس کا راوی ”الفضیل بن سلیمان النمیری“ جمہور محدثین کے نزدیک ضعیف راوی ہے ، صحیحین میں اس کی تمام روایات شواہد ومتابعات کی وجہ سے صحیح ہیں (فتاوي علمية: ج 1 ص: 464 ایضا 468)

علامہ البانی رحمہ اللہ نے بھی اس راوی کو ضعیف کہا ہے ،دیکھئے:(سلسلة الأحاديث الضعيفة 6/ 56 رقم2544)

الجرح و التعدیل

الفضیل بن سلیمان النمیری جمہور محدثین کے نزدیک ضعیف الحدیث ہے

أبو حاتم الرازي : ليس بالقوي، يكتب حديثه

أبو حاتم بن حبان البستي : ذكره في الثقات

أبو دواد السجستاني : تركته عن عمد كان يعلم الألحان، ومرة: ليس بشيء

أبو زرعة الرازي : لين الحديث

أحمد بن شعيب النسائي : ليس بالقوي

ابن حجر العسقلاني : صدوق له خطأ كثير، ومرة: روى له الجماعة وليس له في البخاري سوى أحاديث توبع عليها

زكريا بن يحيى الساجي : صدوق، وعنده مناكير

صالح بن محمد جزرة : منكر الحديث روى عن موسى بن عقبة مناكير

مصنفوا تحرير تقريب التهذيب : ضعيف يعتبر به

يحيى بن معين : ليس بثقة، ومرة: ليس بشيء، ولا يكتب حديثه

الصحیفہ فے الاحادیث الضعیفہ من واقعہ کربلا
انجنیئر محمد علی مرزا صاحب

واقعہ کربلا کے حقیقی پس منظر ریسرچ پیپر کے صفحہ نمبر 05 حدیث نمبر 12 کے تحت المصنف ابن ابی شیبہ کی حدیث نمبر 38927 قال شیخ البانی اسنادہ صحیح

اس حدیث کی سند یہ ہے حدثنا ابو اسامہ ، حدثنا اسماعیل بن ابی خالد ، عن قیس ، قال : قالت .... إلخ

قیس تابعی کا بیان ہے کہ جب حضرت عائشہ آخری وقت قریب آیا تو آپ نے فرمایا ....إلخ .

اس حدیث کی سند میں اسماعیل بن ابی خالد مدلس ہے اور سماع کی تصریح درکار ہے اس طرح کی حدیث بخاری شریف حدیث نمبر 1391 میں ہے لیکن اس کی سند مختلف ہے لیکن متن ملتا ہے

نام : اسماعیل بن ابی خالد البجلی الکوفی ثقہ ثبت راوی ہیں مگر مدلس راوی بھی ہیں

ابن حجر العسقلانی نے کہا ہے کہ اسماعیل بن ابی خالد الکوفی ثقہ ہیں صغار التابعین میں اور امام النسائی نے ان کو مدلس کہا ہے

ولی الدین العراقی کتاب المدلسین میں بھی اسماعیل بن ابی خالد کو امام النسائی کے حوالے سے بالتدلیس لکھا ہے

برهان الدين الحلبي - التبيين لأسماء المدلسين

إسماعيل بن أبي خالد ذكره بالتدليس النسائي وغيره توفي سنة 132

شیخ زبیر علی زئی نے بھی اسماعیل بن ابی خالد کو مدلس راوی کہا ہے اور اس کی عن والی روایت ضعیف ہوتی ہے مقالات جلد نمبر 02 صحفہ نمبر 547

اس طرح المصنف ابن ابی شیبہ والی روایت بھی سند کے اعتبار سے ضعیف ہے

واقعہ کربلا کے حقیقی پس منظر ریسرچ پیپر کے صفحہ نمبر 09 حدیث نمبر 18 کے تحت المستدرک الحاکم حدیث نمبر 5661 قال الامام حاکم و الامام ذھبی اسنادہ صحیح اور قال شیخ البانی اسنادہ صحیح

جب حضرت عمرو بن العاص کو جب حضرت عمار بن یاسر کے قتل کی خبر دی گئی تو انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا تھا ان (عمار بن یاسر) کا قاتل اور سامان لوٹنے والا جھنم میں جائے گا ....

اس حدیث کی سند المعتمر بن سلیمان التیمی عن أبیہ عن مجاھد عن عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ... إلخ

اس حدیث کی سند میں سلیمان بن طرخان التیمی کے "عن" کی وجہ سے ضعیف ہے

الصحیفہ فے الاحادیث الضعیفہ من واقعہ کربلا
انجنیئر محمد علی مرزا صاحب

امام یحییٰ بن معین نے فرمایا

"سلیمان التیمی تدلیس کرتے تھے۔"

(تاریخ ابن معین ، روایۃ الدوری: 3600)

جامع التحصیل (ص 106) کتاب المدلسین لابی زرعۃ ابن العراقی (24) اسماء من عرف بالتدلیس للسیوطی (20) التبیین لأسماء المدلسین للحلبی (ص 29)

سلیمان بن طرخان التمیمی کو حافظ زبیر علی زئی رحمہ اللہ نے بھی مدلس راوی کہا ہے اور اس کے عن کی وجہ سے اس روایت کو بھی ضعیف کہا ہے

نام : سلیمان بن طرخان التمیمی ثقہ راوی ہے مگر مدلس راوی ہے

المتوفی 187 ھ النسب البصری، التمیمی

واقعہ کربلا ریسرچ پیپر کے صفحہ نمبر 18 پر حدیث نمبر 5661 المستدرک الحاکم کے علاوہ ایک اور طریق المعجم الکبیر الطبرانی حدیث نمبر 14430

امام طبرانی اپنی ایک سند سے روایت کرتے ہیں :

حدثنا محمَّد بن عثمانَ بن أبي شَيبة، ثنا سُفيان بن وَكيع، ثنا محمَّد بن فُضَيل، عن مسلم الأَعْوَر، عن حَبَّةَ العُرَنيِّ ، عن عبد الله بن عَمرو، قال: سمعتُ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم يقول: «قَاتِلُ عَمَّارٍ وسَالِبُهُ في النَّارِ» .

[المعجم الکبیر الطبرانی 14430]

المجعم الکبیر الطبرانی کی اس حدیث کی سند میں ایک راوی عثمان بن ابی شیبہ کا مختصر تعارف

نام : محمد بن عثمان بن محمد بن ابراھیم

الشہرۃ : محمد بن عثمان بن ابی شیبہ

کنیت : ابو جعفر: النسب : الکوفی المتوفی : 297 ھ

الجرح و التعدیل

اس سند میں محمد بن عثمان بن ابی شیبہ ضعیف ہے

أبو أحمد بن عدي الجرجاني : لا بأس به ولم أر له حديثا منكرا

أبو الحسين بن المنادي : قد أكثر الناس عنه على اظطراب فيه

أبو بكر البرقاني : لم أزل أسمعهم يذكرون أنه مقدوح فيه

أبو حاتم بن حبان البستي : ذكره في الثقات

إبراهيم بن إسحاق الصواف : كذاب

الخطيب البغدادي : له تاريخ كبير وله معرفة وفهم

الدارقطني : يقال أنه أخذ كتاب غير محدث

الذهبي : عالم بصير بالحديث والرجال له تواليف مفيدة

جعفر بن محمد الطيالسي : كذاب يجيء عن قوم بأحاديث ما حدثوا بها قط

جعفر بن هذيل الكوفي : كذبه

داود بن يحيى : كذاب قد وضع أشياء على قوم ما حدثوا بها قط

عبد الرحمن بن يوسف بن خراش : كان يضع الحديث

عبد الله بن أحمد بن حنبل : كذاب

عبد الله بن أسامة الكلبي : كذاب

عبد الله بن إبراهيم بن قتيبة : كذبه

محمد بن أحمد العدوي : كذبه

مسلمة بن القاسم الأندلسي : لا بأس به ولا أعلم أحدا تركه

مطين الحضرمي : كان سيء الرأي فيه

اس حدیث کی سند میں دوسرا راوی مسلم بن کیسان الملائی، أبو عبد اللَّه الضبی الأعور

مسلم بن کیسان کا مختصر تعارف

نام: مسلم بن كيسان الملائي، أبو عبد اللَّه الضبي الأعور

الشهرة: مسلم بن كيسان الضبي

كنيت: أبو عبد الله, أبو حمزة

النسب: المكي, الضبي, الكوفي, الكندي : الرتبة : ضعيف الحديث

الجرح و التعديل

مسلم بن كيسان الملائي، أبو عبد الله الضبي الأعور: متروك الحديث، ضعيف الحديث

أحمد بن شعيب النسائي : ليس بثقة ومرة: متروك، ومرة: متروك الحديث

أبو زرعة الرازي : ضعيف الحديث

أبو عيسى الترمذي : يضعف، ومرة: ليس عندي بالقوي

أحمد بن حنبل : كان يضعف، ومرة: تركه، ومرة: ضعيف الحديث لا يكتب حديثه

أبو حاتم الرازي : يتكلمون فيه، وهو ضعيف الحديث

أبو دواد السجستاني : ليس بشيء

أحمد بن صالح الجيلي : ضعيف الحديث

إبراهيم بن يعقوب الجوزجاني : غير ثقة

ابن حجر العسقلاني : ضعيف

الحسن بن الصباح البزار : ليس به بأس يروي عن جماعة احتملوا حديثه

الدارقطني : ضعيف، ومرة: مضبوط الحديث

زكريا بن يحيى الساجي : منكر الحديث، ومرة: منكر الحديث جدا

علي بن الجنيد الرازي : متروك

علي بن المديني : ضعيف الحديث

عمرو بن علي الفلاس : منكر الحديث جدا، ومرة: متروك الحديث

محمد بن إسماعيل البخاري : يتكلمون فيه، ومرة: ضعيف، ذاهب الحديث، لا أروى عنه

يحيى بن معين : لا شيء، ومرة: اختلط، ومرة: تركه، ومرة: يضعف، ومرة: ليس بثقة

واقعہ کربلا کے ریسرچ پیپر کے صفحہ نمبر 18 کے تحت ایک اور سند سیدنا عمار بن یاسر کو قتل کرنے اور سامان لوٹنے والا کے سلسلے میں

سیدنا عمار بن یاسر کو قتل کرنے والا اور سامان لوٹنے والا جہنم میں ہے کی ایک اور سند ہے جو کہ سلسلہ احادیث الصحیحہ اور دوسری کتب میں ہے جس کی سند کچھ اس طرح ہے

لیث بن أبی سلیم عن مجاهد عن عبد الله بن عمرو بن العاص .....الخ

اس حدیث کی سند میں لیث بن أبی سلیم کا مختصر تعارف

نام : لیث بن أیمن بن زنیم

الشهرة : اللیث بن أبي سلیم القرشي

كنيت : أبو بكر, أبو بكير: النسب : الكوفي, القرشي

المتوفى : 138 هـ: الرتبة : ضعيف الحديث

الجرح و التعديل

لیث بن ابی سلیم جمہورمحدثین کے نزدیک ضعیف راوی ہے

أبو أحمد الحاكم : ليس بالقوي

أبو أحمد بن عدي الجرجاني : روى عنه شعبة والثوري وغيرهما من ثقات الناس ومع الضعف الذي فيه يكتب حديثه

أبو بكر البيهقي : ضعيف، ليس بالقوي، ومرة وقال: غير محتج به

أبو حاتم الرازي : يكتب حديثه، ضعيف الحديث، ومرة: لايشتغل به، مضطرب الحديث

أبو حاتم بن حبان البستي : اختلط في آخر عمره، فكان يقلب الأسانيد ويرفع المراسيل، ويأتي عن الثقات بما ليس من حديثهم

أبو حفص عمر بن شاهين : وهو به أعلم من غيره، لأنه من بلده، ولكن الكل أطلق عليه الاضطراب

أبو زرعة الرازي : لا يشتغل به، هو مضطرب الحديث، ومرة: لين الحديث لا تقوم به الحجة عند أهل العلم بالحديث

أبو عبد الله الحاكم النيسابوري : مجمع على سوء حفظه

أحمد بن حنبل : مضطرب الحديث، ولكن حدث عنه الناس، ومرة: لا يفرح بحديثه، ومرة: يرفع أشياء لا يرفعها غيره فلذلك ضعفوه

أحمد بن شعيب النسائي : ضعيف

إبراهيم بن يعقوب الجوزجاني : يضعف حديثه

الصحيفه فے الاحاديث الضعيفه من واقعه كربلا
انجنيئر محمد على مرزا صاحب

ابن حجر العسقلاني : صدوق اختلط جدا ولم يتميز حديثه فترك، وقال في المطالب العالية: ضعيف

الحسن بن الصباح البزار : أصابه اختلاط فاضطرب حديثه، لا نعلم أحدا ترك حديثه، ولم يثبت عنه الاختلاط فبقى في حديثه لين

الدارقطني : صاحب سنة، يخرج حديثه، ومرة: ليس بحافظ، ومرة: سيئ الحفظ، ومرة: ضعيف

الذهبي : فيه ضعف يسير من سوء حفظه

زكريا بن يحيى الساجي : صدوق فيه ضعف، سيئ الحفظ كثير الغلط

عثمان بن أبي شيبة العبسي : صدوق، ولكن ليس بحجة، ومرة قال: أنه ثقة

عيسى بن يونس السبيعي : رأيته وكان قد اختلط

محمد بن إسماعيل البخاري : صدوق يهم، ومرة: صدوق

يحيى بن سعيد القطان : كان سيئ الرأي فيه جدا

يحيى بن معين : منكر الحديث، ومرة: ضعيف إلا أنه يكتب حديثه، ومرة: أضعف من عطاء ويزيد، ومرة: ليس به بأس، وعامة شيوخه لا يعرفون، ومرة: ليس حديثه بذاك ضعيف، وفي رواية ابن محرز عنه سئل عن كتابة حديثه قال: نعم

يعقوب بن شيبة السدوسي : صدوق، ضعيف الحديث

واقعہ کربلا کے حقیقی پس منظر ریسرچ کے حوالے سے حضرت ابو الغادیہ اور حضرت عمار بن یاسر سے متعلق ایک اور سند

أبوحفص و كلثوم عن أبى غادية قال ---- فقيل قتلت عمار بن ياسر و أخبر عمر و بن العاص فقال : سمعت رسول الله ﷺ يقول : إن قاتله و سالبه فى النار --- إلخ" (طبقات ابن سعد جلد 03 و اللفظ لہ،مسند احمد 17929(جلد نمبر 07 ، صحفہ نمبر-337 اور سلسلہ الصحيحة)

حديث -- ابو حفص وكلثوم عن أبى الغاديہ قال ....فقيل قتلت عمار بن ياسر -------------- إلخ

اگرچیکہ شیخ ناصر الدین البانی رحمہ اللہ نے اس روایت کے بارے میں کہا ہے کہ وھذا اسناد صحیح

مگر ابو الغادیہ سے روایت دو راوی بیان کر رہے ہیں (01) ابو حفص جو کہ شیخ زبیر علی زئی رحمہ اللہ نے مجہول راوی کہا ہے اور (02) کلثوم بن جبر ثقہ راوی ہے

الصحیفہ فے الاحادیث الضعیفہ من واقعہ کربلا
انجنیئر محمد علی مرزا صاحب

امام حماد بن سلمہ نے یہ وضاحت نہیں کی کہ یہ کس راوی کے الفاظ ہیں ابو حفص (مجہول) کے یا کلثوم بن جبر کے اور اس بات کی کوئی صراحت نہیں ہے

شیخ زبیر علی زئی رحمہ اللہ کی ذکر کردہ اس طبقات ابن سعد اور مسند احمد والی کے بارے میں علامہ، محدث ذہبی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

" روى حماد بن سلمة عن كلثوم عن أبي الغادية ثم ساق الحديث، وقال رحمه الله " إسناده فيه انقطاع

پوری حدیث ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں اس میں انقطاع ہے۔
(سير أعلام النبلاء 2/ 544)

اگر انجنیئر صاحب اس روایت کو شیخ البانی رحمہ اللہ کی تحکیم میں صحیح مانتے ہیں تو اسی سند سے طبقات ابن سعد کی روایت کو بھی صحیح ماننا پڑے گا کیوں کہ اس حدیث میں واضح ہے کہ حضرت عمار بن یاسر نے حضرت عثمان کو گالیاں دی مدینہ کے اندر جس کی وجہ سے حضرت ابو الغادیہ نے عمار بن یاسر کو شہید کردیا

طبقات الکبریٰ کی روایت جس میں ابو غادیتہ نامی صحابی نے حضرت عمار بن یاسرؓ کو قتل کیا نقل کئے دیتے ہیں

قال: أخبرنا عفان بن مسلم قال: أخبرنا حماد بن سلمة قال: أخبرنا أبو حفص وكلثوم بن جبر عن أبي غادية قال: سمعت عمار بن ياسر يقع في عثمان يشتمه بالمدينة قال: فتوعدته بالقتل قلت: لئن أمكنني الله منك لأفعلن. فلما كان يوم صفين جعل عمار يحمل على الناس. فقيل هذا عمار. فرأيت فرجة بين الرئتين وبين الساقين. قال فحملت عليه فطعنته في ركبته. قال: فوقع فقتلته. فقيل قتلت عمار بن ياسر

ابن سعد کہتے ہیں: مجھے عفان بن مسلم نے خبر دی انہوں نے کہا ہمیں حماد بن سلمہ نے خبر دی اور انہوں نے کہا کہ ہمیں ابو حفص اور کلثوم بن جبر نے خبر دی اور انہوں نے ابو غادیہ سے جس نے کہا کہ میں نے عمار بن یاسر کو عثمان کو برا بھلا اور گالیاں دیتے مدینہ میں سنا تو میں تو میں اس سے کو قتل کرنے کا عندیہ دیا۔ اور مزید کہا کہ اگر اللہ نے مجھے تم پر کنٹرول دیا تو ضرور بالضرور کروں گا۔ چنانچہ جب صفین کی جنگ رونما ہوئی اور حضرت عمار ع لوگوں پر حملہ کرنے لگے تو کہا گیا یہ عمار ہے تو میں (یعنی ابو غادیہ) نے ان کے جسم میں حملہ کی گنجائش دیکھی (مفہوم) پس میں نے ادھر حملہ کیا اور ان کی ران پر زخم پہنچایا چنانچہ وہ تیر بھدف ثابت ہوا اور میں نے ان کو قتل کیا تو پس کہا گیا کہ تو (ابو غادیہ) نے عمار بن یاسر کو قتل کیا۔

طبقات ابن سعد یا طبقات الکبری)حوالہ[طبقات الکبری جلد 3 ص 2)

مسند احمد بن حنبل حدیث نمبر 16818 اور اسلام 360 کے حوالے سے حدیث نمبر 12351 کی صحیح حدیث ہے کہ حضرت ابو الغادیہ نے عمار بن یاسر کو شہید کردیا ۔

عَنِ ابنِ عَوْنٍ، عَنْ كُلْثُومِ بْنِ جَبْرٍ قَالَ: كُنَّا بِوَاسِطِ الْقَصَبِ عِنْدَ عَبْدِ الْأَعْلَى بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: فَإِذَا عِنْدَهُ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ: أَبُو الْغَادِيَةِ اسْتَسْقَى مَاءً، فَأُتِيَ بِإِنَاءٍ مُفَضَّضٍ فَأَبَى أَنْ يَشْرَبَ، وَذَكَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ هٰذَا الْحَدِيثَ ((لَا تَرْجِعُوا بَعْدِي كُفَّارًا، أَوْ ضُلَّالًا، شَكَّ ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ،يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ.)) فَإِذَا رَجُلٌ يَسُبُّ فُلَانًا فَقُلْتُ: وَاللهِ! لَئِنْ أَمْكَنَنِي اللهُ مِنْكَ فِي كَتِيبَةٍ، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ صِفِّينَ إِذَا أَنَا بِهِ وَعَلَيْهِ دِرْعٌ، قَالَ: فَفَطِنْتُ إِلَى الْفُرْجَةِ فِي جُرُبَّانِ الدِّرْعِ فَطَعَنْتُهُ فَقَتَلْتُهُ فَإِذَا هُوَ عَمَّارُ بْنُيَاسِرٍ، قَالَ: قُلْتُ: وَأَيَّيِدٍ كَفَتَاهُ يَكْرَهُ أَنْ يَشْرَبَ فِي إِنَاءٍ مُفَضَّضٍ، وَقَدْ قَتَلَ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ. (مسند احمد: ١٦٨١٨)

کلثوم بن جبر کہتے ہیں:کہ ہم واسط القصب نامی مقام میں عبد الا علی بن عبداللہ بن عامر کے ہاں موجود تھے، وہاں محفل میں ابو الغادیہ نامی ایک آدمی تھا، اس نے پینے کے لیے پانی طلب کیا، ایک ایسے برتن میں اسے پانی دیا گیاجس کا کنارا ٹوٹا ہوا تھا، اس نے اس برتن میں پانی پینے سے انکار کر دیا اور دوران گفتگو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس فرمان کا بھی ذکر ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ میرے بعد کا فریا گمراہ نہ ہو جانا کہ تم ایک دوسرے کی گردنیں مارنے لگو۔ وہی آدمی دوران گفتگو (یعنی سیدنا عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو گالیاں دینے اور برا بھلا کہنے لگا، میں نے کہا: اللہ کی قسم اگر کسی لشکر میں اللہ نے مجھے تجھ (یعنی حضرت عمار بن یاسر) پر موقع دیا تو دیکھی جائے گی، جنگ صفین کے دن وہ (حضرت عمار بن یاسر) زرہ پہنے ہوئے تھا، زرہ کے حلقوں میں خالی جگہ کو تاک کرمیں نے اسے نیزہ مار کر قتل کر دیا، وہ عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ تھے، کلثوم کہتے ہیں: اس نوجوان کی طرح کا کون سا ہاتھ ہے ایک دن حدیث نبوی کے پیش نظر کنارا ٹوٹے ہوئے برتن میں پانی پینے سے انکار کر دیا اور ایک موقع یہ بھی تھا کہ اس نے سیدنا عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو قتل کر دیا۔

www.theislam360.com

اسی طرح مسند احمد بن حنبل حدیث نمبر 12351 کی حدیث میں بھی وضاحت ہورہی ہے کہ حضرت ابو الغادیہ (یسار بن سبیع) نے حضرت عمار بن یاسر کو حضرت عثمان غنی کو گالیاں دینے کی وجہ سے شہید کردیا مگر (اس مسند احمد بن حنبل کی حدیث میں یسب فلاں کا ترجمہ انجینئر صاحب نے کیا ہے کہ میری محبوب شخصیت کا تذکرہ برائی کے ساتھ کیاجب کہ بخاری شریف خالد بن ولید کے حوالے سے یسب کا ترجمہ گالی کیا ہے) اور مسند احمد بن حنبل کی حدیث کی وضاحت طبقات ابن سعد (طبقات الکبری) میں بھی ہورہی ہے جس حدیث کی سند شیخ البانی رحمہ اللہ کے نزدیک صحیح ہے اب اگر کوئی ناصبی آپ (انجنیئر صاحب) کے الفاظ کو اس طرح بولے کہ حضرت ابو الغادیہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو قتل کر دیا اس لیے کہ انہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو گالیاں دی (فلاں رضی اللہ عنہ نے فلاں رضی اللہ عنہ کو فلاں رضی اللہ عنہ کی وجہ سے شہید کردیا)

الصحیفه فے الاحادیث الضعیفه من واقعه کربلا
انجنیئر محمد علی مرزا صاحب

واقعہ کربلا کے حقیقی پس منظر ریسرچ پیپر کے صفحہ نمبر 12 کے تحت سنن الکبری البیہقی کی حدیث نمبر 5305

سنن الکبری البیہقی حدیث نمبر 5305 قال شیخ زبیر علی زئی اسناد صحیح واقعہ کربلا کے صفحہ نمبر 12 پر حدیث نمبر 24

حدیث کی سند

.....ثنا یونس وهو ابن محمد المودب، ثنا آبو شهاب، ثنا یونس بن عبید عن نافع قال..... إلخ

سنن الکبری البیہقی کی اس حدیث کی سند میں یونس بن عبید معنعن راوی ہے اور اس کے عن کی وجہ سے یہ حدیث ضعیف ہے

يونس بن عبيد البصري من حفاظ البصرة ثقة مشهور وصفه النسائي بالتدليس وكذا ذكره السلمي عن الدارقطني طبقات المدلسين ابن حجر العسقلاني

یونس بن عبید کا امام نافع سے سماع بھی ثابت نہیں ہے لم یونس بن عبید یسمع من نافع جیسا کہ امام بخاری نے کہا کہ ما اری یونس بن عبید سمع من نافع (ترتیب علل امام ترمذی الکبیر)

امام ابو داؤد نے کہا ہے کہ لم یسمع یونس بن عبید من نافع شیاء (سوالات آلاجری)

تنبیہ

شیخ زبیر علی زئی رحمہ اللہ اپنے مقالات جلد اول صفحہ نمبر 123 پر نزول عیسیٰ کے موضوع پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق المعجم الاؤسط کی حدیث کے حوالے سے تحکیم کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ امام ہیثمی رحمہ اللہ نے کہا ہے کہ اسے طبرانی نے المعجم الکبیر اور المعجم الاوسط میں راویت کیا ہے اور اس کے راوی ثقہ ہیں اور بعض میں ضعف ہے جو کہ مضر نہیں.آگے شیخ زبیر علی زئی صاحب نوٹ لگا کر لکھتے ہیں کہ اس روایت کی سند میں یونس بن عبید اور حسن بصری دونوں کی تدلیس کی وجہ سے ضعیف ہے.

شیخ زبیر علی زئی کے تلامذہ غلام مصطفیٰ ظہیر امن پوری صاحب نے بھی اس حدیث کو ضیعف کہا ہے یونس بن عبید کے عن کی وجہ سے

امام ابو حنیفه اور حب علی والے واقعے کی کتاب کشف الآثار الشریفه فے مناقب امام ابی حنیفه

مفتی صاحب آن لائن آ جائیے وڈیو میں 5 اماموں پر فتویٰ میں انجنیئر صاحب نے امام ابو حنیفہ اور حب علی کے موضوع پر گفتگو کی اور کشف الآثار الشریفه فے مناقب امام ابی حنیفه سے حوالہ دیا

الصحیفه فے الاحادیث الضعیفه من واقعه کربلا
انجنیئر محمد علی مرزا صاحب

امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ اگر ہم اس زمانے میں ہوتے تو حضرت معاویہ کے مقابلے میں حضرت علی کی مدد کرتے اور ان کے ساتھ ہو کر حضرت معاویہ سے حضرت علی کی حمایت میں جنگ کرتے

اس طرح کی رائے انجینئر صاحب نے دی اور پھر امام ابوحنیفہ کا حوالہ دینا پڑا

جب حسن نثار نے رسول اللہ کی محبت میں کلام لکھا کہ تیرے ہوتے ہوئے جنم لیا ہوتا اس فقرے کو انجنیئر صاحب نے مکمل کیا کہ آپ (حسن نثار) ابو جہل ہوتے (معاذاللہ)

جب کہ اپنی محبت کا اظہار کرنے کے لیے مولا علی علیہ السلام کے ساتھ ہونے کا دعویٰ کیا اور دوسروں کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تعریفی کلام کا مذاق اڑایا کیا یہ دوہرا معیار نہیں ؟؟؟ اب اگر کوئی ناصبی کہا دے کہ انجنیئر صاحب خارجی ہوتے تو یہ کتنی غلط بات ہوگی جس طرح انجنیئر صاحب نے حسن نثار کے لیے ابو جہل کا لفظ استعمال کیا

امام ابو حنیفہ والا واقعہ صحیح سند سے ثابت نہیں ہے جس کتاب سے حوالہ لیا گیا ہے اس کے مصنف پر بھی احادیث گھڑنے اور جھوٹا اور مدلس ہونے کی محدثین کی جرح ہے

شیخ زبیر علی زئی رحمہ اللہ نے کشف الآثار الشریفہ فے مناقب امام ابی حنیفہ رحمہ اللہ والی کتاب کے مصنف ابو محمد عبداللہ بن محمد بن یعقوب الحارثی کا تعارف کرواتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ شخص وضع حدیث کے ساتھ متہم ہے

نور العینین فی اثبات رفع الیدین کے صفحہ نمبر 43 (نواں مغالطہ) اور تحقیقی مقالات جلد نمبر 05 اور صحفہ نمبر 235 سے 244

امام ابو حنیفہ اور حب علی والے واقعے کی کتاب کشف الآثار الشریفہ فے مناقب امام ابی حنیفہ کے **مصنف عبد اللہ بن محمد بن یعقوب بن الحارث کا مختصر تعارف**

نام : عبد الله بن محمد بن يعقوب بن الحارث

الشهرة : عبد الله بن محمد الحارثي

كنيت : أبو محمد: النسب : الحارثي, الكلاباذي, البخاري

المتوفی : 340 ھ: الرتبة : متهم بالوضع

الجرح و التعدیل

عبد اللہ بن محمد بن یعقوب بن الحارث متہم بالوضع راوی ہے

أبو الفرج بن الجوزي : اتهمه بالوضع

أبو زرعة الرازي : ضعيف

أبو سعيد الرواس : يتهم بوضع الحديث

أبو عبد الله الحاكم النيسابوري : صاحب عجائب وأفراد عن الثقات

أبو يعلى الخليلي : لين، ضعفوه كان يدلس

أحمد بن علي السليماني : يضع الأسانيد على المتون، والمتون على الأسانيد

الخطيب البغدادي : صاحب عجائب ومناكير وغرائب، وليس بموضع الحجة

امام ابو حنیفہ والے واقعے کی کتاب کشف الآثار الشریفہ فے مناقب امام ابی حنیفہ کے اندر موجود واقعے ---- حضرت علی کے ساتھ جنگ صفین میں حضرت معاویہ کے مقابلے میں جنگ میں حمایت

اس واقعے کی سند حدثت عن حم بن نوح البلخي قال سمعت سلم بن سالم ، قال سمعت بكير بن معروف يقول .... إلخ

کتاب کشف الآثار الشریفہ فے مناقب امام ابی حنیفہ واقعہ نمبر 2122

اس واقعے کی سند میں ایک راوی سلم بن سالم کا مختصر تعارف

نام : سلم بن سالم

الشهرة : سلم بن سالم البلخي

كنيت : أبو محمد, أبو عبد الرحمن

النسب : البلخي, الخراساني: الرتبة : ضعيف الحديث

الجرح و التعديل

سلم بن سالم البلخي ضعيف الحديث راوی ہے

أبو أحمد بن عدي الجرجاني : له أفراد وغرائب وأرجو أن يحتمل حديثه

أبو الفرج بن الجوزي : **كان داعية إلى الإرجاء وقد اتفق المحدثون على تضعيف رواياته**

أبو حاتم بن حبان البستي : منكر الحديث يقلب الأخبار قلبا وكان مرجئ شديد الإرجاء داعية إليها

أبو داود السجستاني : ليس بشيء كان مرجئا، أحمد لم يكتب عنه قال كنت أراه في القطيعة

أبو زرعة الرازي : لا يكتب حديثه كان مرجئا وكان لا وأومى بيده يعنى لا يصدق

أبو يعلى الخليلي : أجمعوا على ضعفه

أحمد بن حنبل : سلم بن سالم البلخي ليس بذاك في الحديث وضعيف

أحمد بن سيار المروزي : كان زاهدا وكان رأسا في الارجاء داعية وكان يروى أحاديث ليست لها خطم ولا أزمة شبيهة بالموضوع

أحمد بن شعيب النسائي : ضعيف

ابن أبي حاتم الرازي : ضعف حديثه

حنبل بن إسحاق الشيباني : كان عبدا صالحا لم أكتب عنه شيئا كان لا يحفظ الحديث وكان يخطئ

علي بن المديني : مرجئ وكان ضعيف الحديث

يحيى بن معين : من رواية معاوية قال: ضعيف، ومن رواية العباس قال: ليس بشئ، ومن رواية أحمد بن زهير قال: ليس حديثه بشيء

جنگ صفین کے موقعہ پر تحکیم مولا علی اور حضرت معاویہ

انجینئر صاحب نے جنگ صفین کے موقعہ پر تحکیم کے موضوع پر وڈیو کلپ میں خصائص علی (امام احمد بن شعیب النسائی) کی کتاب کے صفحہ نمبر 275 اور 276 حدیث نمبر 191 کو دیکھایا اس کتاب کے صفحہ کو سکرین پر بھی دیکھایا مگر خصائص علی کی تحقیق و تخریج (غلام مصطفیٰ ظہیر امن پوری صاحب) کی نہ بتائی اور نہ دیکھائی کیوں کہ اس صفحہ پر غلام مصطفیٰ ظہیر امن پوری صاحب نے اس حدیث کی تحکیم میں اسنادہ ضعیف لکھا ہوا ہے خصائص علی حدیث نمبر 191 کی سند میں ابو مالک عمرو بن ہاشم ضعیف راوی ہے اور محمد بن اسحاق مدلس ہیں جو کہ عن سے بیان کر رہے ہیں اور سماع کی تصریح ثابت نہیں یوں یہ روایت سخت ضعیف ہے

خصائص علی (امام احمد بن شعیب النسائی) حدیث نمبر 191 اور صحفہ نمبر 275 اور 276 سیدنا مولا علی علیہ السلام کی مذکورہ بالا صفات کی موید روایات

حدیث کی سند۔ اخبرنی معاویہ بن صالح قال : حدثنا عبد الرحمن بن صالح قال : حدثنا عمرو بن ہاشم الجنبی, الکوفی، عن محمد بن اسحاق ، عن محمد بن کعب القرظی عن علقمہ بن قیس قال قلت لعلی...... إلخ

اس حدیث کی سند میں محمد بن اسحاق مدلس راوی ہیں جو کہ عن سے بیان کر رہے ہیں اور سماع کی صراحت نہیں ہے اور اسی **حدیث کی سند میں دوسرا راوی عمرو بن ہاشم الکوفی کا مختصر تعارف**

نام : عمرو بن هاشم

الشهرة : عمر بن هاشم الجنبي

كنيت : أبو مالك: النسب : الجنبي, الكوفي

الرتبة : ضعيف الحديث

الجرح و التعديل

عمر بن ھاشم الجنبی ضعیف الحدیث راوی ہے

أبو أحمد الحاكم : ليس بالقوي عندهم

أبو أحمد بن عدي الجرجاني : له أحاديث غرائب حسان، وإذا حدث عن ثقة فهو صالح الحديث، وإذا حدث عن ضعيف كان يكون فيه بعض الإنكار، وهو صدوق إن شاء الله

أبو حاتم الرازي : لين الحديث، يكتب حديثه

أبو حاتم بن حبان البستي : كان ممن يقلب الأسانيد ويروي عن الثقات مالا يشبه حديثه الأثبات، لا يجوز الاحتجاج بخبره

أحمد بن حنبل : صدوق ولم يكن صاحب حديث

أحمد بن شعيب النسائي : ليس بالقوي

ابن حجر العسقلاني : لين الحديث، أفرط فيه ابن حبان

محمد بن إسماعيل البخاري : فيه نظر، ومرة: مقارب الحديث

محمد بن سعد كاتب الواقدي : صدوق ولكنه يخطئ كثيرا

مسلم بن الحجاج النيسابوري : ضعيف الحديث

یحیی بن معین : لم یکن به بأس، وفي رواية ابن محرز عنه قال: قد سمعنا نحن منه

جنگ صفین کے موقعہ پر تحکیم مولا علی اور حضرت معاویہ

اس طرح اسی وڈیو جنگ صفین کے موقعہ پر تحکیم کے موضوع پرایک اور حدیث دیکھائی مصنف عبد الرزاق کے حوالے سے یہ **حدیث مصنف عبد الرزاق میں جلد نمبر 04 اور حدیث نمبر 9770**

غزوہِ ذات السلاسل، حضرت علی اور حضرت معاویہ کا واقعہ

اس کی سند **میں امام شہاب زہری مدلس بھی ہیں** اور تابعی بھی یہ مرسل روایت ہے کیوں کہ امام زہری اصحابی کے واسطہ کے بغیر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کر رہے ہیں

مراسیل زہری محدثین کے نزدیک حجت نہیں ہیں

اس حدیث کی سند: **عبد الرزاق ، عن معمر ،عن زہری قال: ثم ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم .... إلخ**

مراسیل زہری اور محدثین

چونکہ امام زہری کبار تابعین میں سے نہیں تھے اس لئے ان کی مراسیل (وہ روایات جو انہوں نے براہ راست نبی سے روایت کیں) باقیوں کی نسبت زیادہ ضعیف اور متکلم فیہ ہیں۔

احمد بن سنان روایت کرتے ہیں کہ امام یحیی بن سعید القطان زہری کی مراسیل کو کچھ نہیں سمجھتے تھے اور فرماتے تھے: "هُوَ بِمَنْزِلَةِ الرِّيحِ" یعنی ان کی مراسیل ہوا کی طرح ہیں۔ (المراسیل لابن ابی حاتم: 3/1، واسنادہ صحیح)۔

امام یحیی بن معین فرماتے ہیں: "مَرَاسِيلُ الزُّهْرِيِّ لَيْسَ بِشَيْءٍ" زہری کی مراسیل کچھ چیز نہیں ہیں۔ (المراسیل لابن ابی حاتم: 3/1، واسنادہ صحیح)۔

امام شمس الدین الذہبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: "قُلْتُ: مَرَاسِيْلُ الزُّهْرِيِّ كَالمُعْضَلِ؛ لأَنَّهُ يَكُوْنُ قَدْ سَقَطَ مِنْهُ اثْنَانِ، وَلاَ يَسُوغُ أَنْ نَظُنَّ بِهِ أَنَّهُ أَسقَطَ الصَّحَابِيَّ فَقَطْ، وَلَوْ كَانَ عِنْدَه عَنْ صَحَابِيٍّ لأَوضَحَهُ، وَلَمَا عَجِزَ عَنْ وَصْلِهِ، وَلَوْ أَنَّهُ يَقُوْلُ: عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِ النَّبِيِّ -صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- وَمَنْ عَدَّ مُرْسَلَ الزُّهْرِيِّ كَمُرْسَلِ سَعِيْدِ بنِ المُسَيِّبِ، وَعُرْوَةَ بنِ الزُّبَيْرِ، وَنَحْوِهِمَا، فَإِنَّهُ لَمْ يَدرِ مَا يَقُوْلُ، نَعَمْ، مُرْسَلُه كَمُرْسَلِ قَتَادَةَ، وَنَحْوِه"
میں کہتا ہوں کہ زہری کی مراسیل معضل روایت کی طرح ہیں کیونکہ اس میں انہوں نے دو راویوں

کو سقط کیا ہو گا، اور یہ جائز نہیں کہ ہم یہ خیال کریں کہ انہوں نے صرف صحابی کا نام ہی سقط کیا ہو گا۔ اگر زہری نے کوئی روایت براہ راست کسی صحابی سے روایت کی ہوتی تو وہ اسے بیان کر دیتے اور اس روایت کو متصل بنانے سے عاجز نہ ہوتے اگرچہ انہوں نے عن بعض اصحاب النبی ﷺ بھی کہا ہوتا۔ جو بھی زہری کی مرسل کو سعید بن المسیب اور عروہ بن الزبیر جیسے کبار تابعین کی مرسل کے برابر گنتا ہے تو اس کو خود نہیں پتہ کہ وہ کیا کہہ رہا ہے۔ ہاں البتہ زہری کی مرسل قتادہ جیسے (صغار تابعین) کے جیسی ہے۔ (سیر اعلام النبلاء: 339/5)۔

حضرت معاویہ اور حضرت حسن کی شہادت

واقعہ کربلا ریسرچ پیپر کے صفحہ نمبر 15 پر حدیث نمبر 31 کے تحت 2 احادیث میں سے ایک حدیث ابوداؤد کے حوالے سے جس کی سند یہ ہے

حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيدٍ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ، عَنْ بَحِيرٍ، عَنْ خَالِدٍ، قَالَ: وَفَدَ الْمِقْدَامُ بْنُ مَعْدِ يكَرِبَ، وَعَمْرُو بْنُ الْأَسْوَدِ، وَرَجُلٌ مِنْ بَنِي أَسَدٍ مِنْ أَهْلِ قِنَّسْرِينَ إِلَى مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ...... إلخ

سنن ابی داؤد حدیث نمبر: 4131

بوداؤد کی حدیث کی اس سند میں بقیہ بن ولید راوی ہے جو کہ تدلیس التسویہ کیا کرتا تھا تدلیس التسویہ کرنے والے راوی کے لیے صرف اپنے استاد ہی سے نہیں بلکہ پوری سند میں سماع کی تصریح کرنا ضروری ہے لیکن ابوداؤد والی سند میں سماع کی صراحت نہیں ہے لہذا یہ روایت ضعیف ہے

واقعہ کربلا ریسرچ پیپر کے صفحہ نمبر 15 پر حدیث نمبر 31 کے تحت دوسری حدیث مسند احمد بن حنبل حدیث نمبر 17321 کی حدیث کی سند: ,, **بقیہ بن ولید ثنا بحیر بن سعد عن خالد بن معدان ،،**

مسند احمد بن حنبل کی حدیث کی سند میں اگرچہ بقیہ بن ولید نے اپنے استاد بحیر سے سننے کی وضاحت کر دی ہے لیکن آگے بحیر کے خالد بن معدان سے سننے کی صراحت موجود نہیں ہے جبکہ تدلیس تسویہ والے راوی کے بعد آخر سند تک سماع کی صراحت ہونا اس حدیث کی صحت کے لیے ضروری ہے

حافظ ابن حجر عسقلانی نے اسی سند بقیہ بن ولید ثنا بحیر بن سعد عن خالد بن معدان کے بارے میں لکھتے ہیں

بقیہ نے اس سند میں اپنے سماع کی صراحت کرکے اپنی تدلیس سے تو بے خوف کردیا مگر بحیر عن خالد بن معدان میں ابھی بھی غور کیا جائے گا اور حدیث کی صحت کے لیے ان کے سماع کی

صراحت تلاش کی جائے گی اگر مکمل سند میں صراحت مل گئی تو راویت صحیح ورنہ ضعیف ہوگی کیونکہ بقیہ بن ولید تدلیس الستویہ کا مرتکب تھا (اتحاف المهرہ لا بن حجر)

ابی داؤد اور مسند احمد بن حنبل کی احادیث کو شیخ زبیر علی زئی نے حسن اور شیخ ناصر الدین البانی نے صحیح کہا ہے

ان احادیث کی سند میں راوی بقیہ بن ولید کا مختصر تعارف

نام : بقية بن الوليد بن صائد بن كعب بن حريز

الشهرة : بقية بن الوليد الكلاعي

كنيت : أبو يحمد: النسب : الحمصي, الحميري, الميتمي, الكلاعي

الرتبة : صدوق كثير التدليس عن الضعفا

بقیہ بن ولید کی تدلیس الستویہ اور محدثین

امام احمد بن حنبل بقیہ بن ولید کی ایک راویت کے بارے میں لکھتے ہیں

یہ منکر حدیث ہے کیونکہ بقیہ راوی مدلسین میں سے ہیں ۔ یہ بسا اوقات ضعیف راویوں سے روایت کرکے سند میں سے انہیں حذف کر دیتا ہے (الجامع لعلوم الامام احمد ،علل الحدیث)

امام ابن حبان بھی یہی فرماتے ہیں کہ یہ ثقہ راویوں کے درمیان سے ضعیف راوی کو گرا دیتا تھا (المجروحین)

ابن القطان : بقیہ قال حدثنا بن حریج والی سند کے بارے میں فرماتے ہیں کہ اس میں بقیہ بن ولید نے اگرچہ اپنے سننے کی وضاحت کر دی ہے مگر اب بھی تدلیس الستویہ والی علت باقی ہے ، تدلیس الستویہ والی مکمل سند میں سماع کی صراحت ضروری ہے لہذا بقیہ کا صرف اپنے استاد سے سماع کی صراحت کرنا کافی نہیں ہے (التلخیص الحبیر)

حافظ بوصیری لکھتے ہیں بقیہ بن ولید تدلیس الستویہ کرتا تھا

حافظ ابن حجر العسقلانی فرماتے ہیں کہ بقیہ بن ولید صدوق راوی ہے مگر تدلیس الستویہ کرتا ہے اور اس نے یہ روایت اپنے شیخ اور اپنے شیخ کے شیخ سے عن سے بیان کی ہے (موافقہ خبر الخبر فی تخریج احادیث المختصر)

امام ابو حاتم الرازی تدلیس الستویہ کے متعلق کہتے ہیں کہ بقیہ بن ولید یہ کام یعنی تدلیس الستویہ والا لوگوں میں سب سے زیادہ کرنے والا تھا (علل الحدیث لابن ابی حاتم)

حافظ صلاح الدین علائی کے نزدیک بھی بقیہ تدلیس تسویہ سے دوچار تھے فرماتے ہیں

بقية بن الوليد مشهور به مكثر له عن الضعفاء يعاني التسوية (جامع التحصيل، ص: 105)

حافظ زرکشی تدلیس تسویہ کی مثال دیتے ہوئے فرماتے ہیں

وممن اشتهر بفعل هذا بقية بن الوليد

بقیہ بن الولید تدلیس تسویہ کرنے میں مشہور تھے۔(النكت على مقدمة ابن الصلاح للزركشي :2/ 106)"

حافظ ابن العراقی فرماتے ہیں کہ بقیہ تدلیس کی قبیح ترین قسم تدلیس تسویہ میں ملوث تھے

بقية بن الوليد مشهور بالتدليس مكثر له عن الضعفاء يعاني تدليس التسوية وهو أفحش أنواع التدليس (المدلسين، ص: 37)

سبط ابن العجمی بھی فرماتے ہیں کہ بقیہ تدلیس تسویہ کرتے تھے۔

بقية بن الوليد مشهور بالتدليس مكثر له عن الضعفاء وتعاني تدليس التسوية (التبيين لأسماء المدلسين ، ص: 16)

علامہ البانی سے بقیہ بن ولید کی تدلیس تسویہ کا ثبوت بھی ہے ، چنانچہ لکھتے ہیں

قلت: إن سلم من وهم بقية ففيه تدليسه تدليس التسوية لأنه عنعن لشيخه

میں (البانی) کہتا ہوں کہ اگر یہ بقیہ کے وہم سے محفوظ ہے تو اس میں بقیہ کی تدلیس تسویہ موجود " ہے کیوں کہ اس نے اپنے شیخ کے شیخ سے صیغہ "عن" سے روایت بیان کر رکھی ہے۔"(إرواء الغليل :3/ 89)

شیخ البانی اور شاگرد علامہ ابو اسحاق الحوینی

شیخ ناصر الدین البانی کے شاگرد شیخ ابو اسحاق الحوینی نے اپنے استاد محترم شیخ البانی سے بقیہ بن ولید کی تدلیس تسویہ کے مسئلے میں اختلاف کیا ہے اور انہوں نے بھی بقیہ بن ولید کو تدلیس الستویہ کا مرتکب قرار دیا ہے ۔۔۔ہمارے شیخ ناصر الدین البانی رحمہ اللہ نے بھی مجھ سے فرمایا تھا کہ میرے علم کے مطابق بقیہ بن ولید عام تدلیس کرتاہے لیکن بعد میں (شیخ البانی کی وفات کے بعد) دلائل سے ثابت ہوا کہ بقیہ عام تدلیس نہیں بلکہ تدلیس تسویہ کرتا تھا (نثل النبال بمعجم الرجال)

محدث العصر حافظ زبیر علی زئی کے حوالے سے کہا گیا وہ بقیہ کو تدلیس تسویہ سے بری سمجھتے تھے۔

الصحیفہ فے الاحادیث الضعیفہ من واقعہ کربلا
انجنیئر محمد علی مرزا صاحب

عرض ہے کہ حافظ زبیر علی زئی ایک عبارت کا ترجمہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "--- اور بقیہ بن الولید تدلیس شیوخ (یعنی تدلیس تسویہ) کرتے تھے۔(مقالات : 137/2)

ایک مقام پر بقیہ حدثنی بحیر عن خالد بن معدان سند سے مروی روایت کے بارے فرماتے ہیں

اسناده ضعیف اخرجہ النسائی --- من حدیث بقیۃ بہ وھو یدلس تدلیس التسویہ ولم اجد تصریح سماعہ المسلسل ومع ذلک صححہ الحاکم علی شرط مسلم --- ووافقہ الذھبی(!)

اس کی سند ضعیف ہے ، نسائی نے بقیہ --- کی سند سے اس کی تخریج کی ہے اور بقیہ تدلیس تسویہ " کرتا تھا اور میں اس کی تصریح بالسماع مسلسل نہیں پا سکا ، اس (قبیح ترین تدلیس) کے باوجود حاکم نے اس کو مسلم کی شرط پر صحیح کہااور ذہبی نے موافقت کی ہے(!)۔"(سنن ابی داود : 2515، دارالسلام)

اگرچہ ان کی بعد میں تحقیق بدل گئی تھی، لیکن **بقیہ بن ولید کا تدلیس تسویہ کرنا ہی راجح ہے**۔ یاد رہے کہ کتب اصول حدیث میں بقیہ بن ولید کو تدلیس تسویہ کی مثال میں پیش کیا گیا ہے۔

تنبیہ :بقیہ کا بحیر کی کتاب سے روایت کرنا ثابت نہیں ہے ، کیوں کہ اس کی بنیاد درج ذیل قول ہے

حدثنا الفضل بن عبد الله بن سليمان، حدثنا سليمان بن عبد الحميد، حدثنا حيوة، قال: سمعت بقية يقول لما قرأت على شعبة كتاب بحير بن سعد، قال: قال لي يا أبا يحمد لو لم أسمع هذا منك لطرت (الکامل في ضعفاء الرجال :2/ 264)

اس قول کی سند میں امام ابن عدی کا شیخ الفضل بن عبداللہ بن سلیمان کذاب ہے خود امام ابن عدی اور امام دارقطنی نے اس پر جرح کر رکھی ہے ۔ (الکامل فی ضعفاء الرجال : 126/7، موسوعۃ اقوال ابی الحسن الدارقطنی فی رجال الحدیث وعللہ : 519/2) اگر یہ کوئی اور راوی ہے تو غیر موثق ہے ۔

فضیلۃ الشیخ ابو الحسن مبشر احمد ربانی ایک روایت کے بارے فرماتے ہیں

اگرچہ علامہ البانی نے اس کی سند کو حسن کہا ہے مگر یہ محل نظر ہے، کیونکہ اس کی سند میں " بقیہ بن الولید مدلس راوی ہے اور یہ تدلیس التسویہ کرتا ہے جو انتہائی بری تدلیس ہے اور اس کی تصریح بالسماع مسلسل نہیں ہے۔ (احکام و مسائل کتاب وسنت کی روشنی میں،ص : 218، نظر ثانی حافظ عبدالسلام بھٹوی ،آپ کے مسائل اور ان کا حل : 168/1)

حافظ ندیم ظہیر بقیہ بن الولید کے بارے فرماتے ہیں

الصحیفہ فے الاحادیث الضعیفہ من واقعہ کربلا
انجنیئر محمد علی مرزا صاحب

یہ صدوق حسن الحدیث ہیں ، تاہم تدلیس تسویہ سے بھی متصف ہیں ، لیکن مذکورہ حدیث کی سند " میں قطعا مضر نہیں ، کیوں کہ انہوں نے سماع بالمسلسل کیا ہوا ہے ۔" ماہنامہ اشاعۃ الحدیث ، ص : 10، فروری

شیخ زبیر علی زئی رحمہ اللہ کے شاگرد شیخ غلام مصطفیٰ ظہیر امن پوری صاحب بھی ابوداؤد اور مسند احمد بن حنبل والی روایات کو ضعیف قرار دیتے ہیں اس کی وجہ ہے کہ وہ بھی بقیہ بن ولید کو تدلیس الستویہ کا مرتکب قرار دیتے ہیں

ماہنامہ السنہ شمارہ نمبر 99 سے 104 اس شمارے کے صفحہ نمبر 168 سے 172 پر ان احادیث سے متعلق تفصیل موجود ہے

ابوداؤد اور مسند احمد بن حنبل والی روایات کو شیخ شعیب ارنوط نے بھی ضعیف قرار دیا ہے بقیہ بن ولید کی تدلیس تسویہ کی وجہ سے (مسند امام احمد بتحقیق شعیب ارنوط)

یوں معلوم ہوا کہ بقیہ بن ولید کی تدلیس تسویہ کا شبہ تب ہی دور ہوگا جب وہ پوری سند میں سماع کی صراحت کرے گا ورنہ نہیں مسند احمد بن حنبل والی روایت میں چونکہ بقیہ نے بحیر راوی کے اپنے شیخ خالد بن معدان سے سننے کی صراحت نہیں کی اس لیے یہ روایت بھی ضعیف ہی ہے (واللہ اعلم)

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اور شراب سے متعلق ایک روایت

واقعہ کربلا کے حقیقی پس منظر ریسرچ پیپر صفحہ نمبر 15 حدیث نمبر 31 کے تحت مسند احمد بن حنبل کی حدیث نمبر 23329 (جلد نمبر ۔10. صفحہ نمبر 661)

حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنِي حُسَيْنٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ بُرَيْدَةَ قَالَ:''دَخَلْتُ أَنَا وَأَبِي عَلَي مُعَاوِيَةَ فَأَجْلَسَنَا عَلَي الْفُرُشِ، ثُمَّ أُتِينَا بِالطَّعَامِ فَأَكَلْنَا، ثُمَّ''أُتِينَا بِالشَّرَابِ فَشَرِبَ مُعَاوِيَةُ، ثُمَّ نَاوَلَ أَبِي، ثُمَّ قَالَ:مَا شَرِبْتُهُ مُنْذُ حَرَّمَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ''ثُمَّ قَالَ مُعَاوِيَةُ:كُنْتُ أَجْمَلَ شَبَابِ قُرَيْشٍ وَأَجْوَدَهُ ثَغْرًا، وَمَا شَيْءٌ كُنْتُ أَجِدُ لَهُ لَذَّةً كَمَا كُنْتُ أَجِدُهُ وَأَنَا شَابٌّ غَيْرُ اللَّبَنِ، أَوْ إِنْسَانٍ حَسَنِ الْحَدِيثِ يُحَدِّثُنِي

منہاج القرآن ، انجینئر صاحب اور اہل تشیع کا ترجمہ

عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں اور میرے والد حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس گئے انہوں نے ہمیں بستر پر بٹھایا ، پھر کھانا پیش کیا جو ہم نے کھایا، پھر پینے کے لیے شراب لائی گئی جسے پہلے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے نوش فرمایا، پھر میرے والد کو وہ برتن پکڑا دیا تو وہ کہنے لگے کہ جب سے نبی ﷺ نے اس کی ممانعت فرمائی ہے، میں نے اسے نہیں پیا، پھر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں قریش کا خوبصورت ترین نوجوان

تھا اور سب سے زیادہ عمدہ دانتوں والا تھا، مجھے دودھ یا اچھی باتیں کرنے والے انسان کے علاوہ اس سے بڑھ کر کسی چیز میں لذت نہیں محسوس ہوتی تھی۔

اہل سنت (حنفی حضرات) اور اہل حدیث کا ترجمہ

صحابئ رسول عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ:’’ میں اورمیرے والد امیرمعاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس گئے تو انہوں نے ہمیں بستر پربٹھایا ، پھرہمارے سامنے کھاناحاضرکیا جسے ہم نے کھایا ، پھرمشروب لائے جسے معاویہ رضی اللہ عنہ نے پیا اورپھر میرے والد کو پیش کیا ، اوراس کے بعد (حضرت معاویہ نے) کہا:میں نے آج تک اسے نہیں پیا جب سے اللہ کے رسول ﷺ نے حرام قراردیا، اس کے بعد معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:میں قریش کے نوجوانوں میں سب سے خوبصورت تھا اورسب سے عمدہ دانتوں والا تھا ، جوانی میں مجھے دودھ یا اچھی باتیں کرنے والے انسان کے علاوہ اس سے بڑھ کر کسی اور چیز میں لذت نہیں محسوس ہوتی تھی‘‘۔

اب اسی حدیث کا دوسرا طریق المصنف ابن ابی شیبہ والی روایت کا عربی متن اور ترجمہ

(ابن ابی شیبہ ج6 ص 188 الرقم: 30560)

(حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بُرَيْدَةَ قَالَ : قَالَ : دَخَلْتُ أَنَا وَأَبِي عَلَى مُعَاوِيَةَ ، فَأَجْلَسَ أَبِي عَلَى السَّرِيرِ وَأتى بِالطَّعَامِ فَأَطْعَمَنَا ، وَأَتَى بِشَرَابٍ فَشَرِبَ ، فَقَالَ مُعَاوِيَةُ : مَا شَيْءٌ كُنْتُ أَسْتَلِذُّهُ وَأَنَا شَابٌّ فَآخُذُهُ الْيَوْمَ إِلَّا اللَّبَنَ ، فَإِنِّي آخُذُهُ كَمَا كُنْتُ آخُذُهُ قَبْلَ الْيَوْمِ)

ترجمہ: عبداللہ بن بریدہ کہتے ہیں کہ میں میر ے والد حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس داخل ہوئے تو آپ نے میرے والد کو چارپائی پر بٹھایا پھر کھانا لایا گیا ہم نے کھایا اور پھر مشروب لایا گیا پھر (معاویہ رضی اللہ عنہ) نے پیا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ مجھے جوانی میں بھی دودھ سے زیادہ کوئی چیز لذت والی محسوس نہیں ہوتی تھی آج بھی میں، دودھ ہی لے رہا ہوں جیسا کہ آج سے پہلے بھی میں دودھ ہی لیتا تھا۔

مسند احمد بن حنبل حدیث نمبر 23329 کی تحکیم

اس حدیث کو شیخ زبیر علی زئی نے حسن اور شیخ شیعب ارنوط نے صحیح کہا ہے

جب کہ ماہنامہ السنہ شمارہ نمبر 99 سے 104 کے صفحہ نمبر 127اور 128 پر غلام مصطفیٰ ظہیر امن پوری صاحب نے اس روایت کی سند پر جرح کرتے ہوئے اس روایت کو ضعیف قرار دیتے ہیں

اس حدیث کی سند میں عبد اللہ بن بریدہ سے حسین بن واقد کی روایت منکر ہوتی ہے

الصحیفہ فے الاحادیث الضعیفہ من واقعہ کربلا
انجنیئر محمد علی مرزا صاحب

امام احمد بن حنبل فرماتے ہیں

عبد اللہ بن بریدہ کی وہ روایات جو اس سے حسین بن واقد بیان کرتا ہے کس قدر منکر ہیں

(العلل ومعرفة الرجال لأحمد رواية ابنه عبد الله)

یہ جرح مفسر ہے ،جو ناقابل رد ہے (غلام مصطفیٰ ظہیر امن پوری صاحب)

نوٹ

اگر آپ(انجینئر صاحب) احادیث کی توثیق کے لیے اپنے ریسرچ پیپرز میں غلام مصطفیٰ ظہیر امن پوری صاحب کی تحقیق و تخریج کو قبول کرلیتے ہیں تو پھر اسی اصول کے تحت غلام مصطفیٰ ظہیر امن پوری صاحب کی احادیث پر جرح اور ضعف بھی قبول کریں اور اب کسی نہ کسی محدث نے صحیح یا ضعیف کہا ہے والا فارمولہ مانیں گے یا اپنی مرضی اور موقف کے مطابق محدثین کا سہارا لیتے رہے گے یا اہل حنفی حضرات والے کام ہیں وہ اپنے نظریات و افکار کو ثابت کرنے کے لیے یوں محدثین اور علماء کا تبادلہ کرتے رہتے ہیں واللہ اعلم شکریہ

اس روایت کی تخریج کرنے والے امام احمدرحمہ اللہ نے بھی اس روایت کو منکرقراردیاہے،چنانچہ

امام احمد بن حنبل نے کہا

حسین بن واقد ،لہ أشیاء مناکیر [سؤالات المیمونی]

ایک اورموقع پرکہا:’’ما أنکر حدیث حسین بن واقد وأبی المنیب عن بن بریدۃ‘‘[العلل ومعرفۃ الرجال]

نیز فرمایا: عبد اللہ بن بریدۃ الذی روی عنہ حسین بن واقد ما أنکرہا وأبو المنیب أیضا یقولون کأنہا من قبل ہؤلاء۔العلل ومعرفۃ الرجال

چنانچہ امام ہیثمی رحمہ اللہ نے بھی جب اس روایت کومجمع الزوائدمیں درج کیا تو منکرجملہ کو چھوڑدیا، امام ہیثمی رحمہ اللہ (المتوفی۸۰۷ھ)نے لکھا

عن عبد الله بن بريدة قال:دخلت مع أبي على معاوية فأجلسنا على الفراش ثم أتينا بالطعام فأكلنا ثم أتينا بالشراب فشرب معاوية ثم ناول أبي ثم قال معاوية:كنت أجمل شباب قريش وأجوده ثغراً وما من شيء أجد له لذة كما كنت أجده وأنا شاب غير اللبن وإنسان حسن الحديث يحدثني. رواه أحمد ورجاله رجال الصحيح وفي كلام معاوية شيء تركته مجمع الزوائد للہیثمی

الصحیفہ فے الاحادیث الضعیفہ من واقعہ کربلا
انجنیئر محمد علی مرزا صاحب

واقعہ کربلا کا حقیقی پس منظر ریسرچ پیپر کے صفحہ نمبر 04, حدیث نمبر 08 کے تحت سنن ابوداؤد کی حدیث نمبر 4607 اور جامع ترمذی کی حدیث نمبر 2676 ۔قال شیخ زبیر علی زئی اور شیخ ناصر الدین البانی اسنادہ صحیح ۔دو احادیث کا سند اور متن

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ، قَالَ: حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ مَعْدَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِي **عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو السُّلَمِيُّ، وَحُجْرُ بْنُ حُجْرٍ**، قَالَا: أَتَيْنَا الْعِرْبَاضَ بْنَ سَارِيَةَ وَهُوَ مِمَّنْ نَزَلَ فِيهِ: {وَلَا عَلَى الَّذِينَ إِذَا مَا أَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَا أَجِدُ مَا أَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ}[التوبة: 92] **...... إلخ**

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ عَنْ بَحِيرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ **عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَمْرٍو السُّلَمِيِّ** عَنْ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ قَالَ وَعَظَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا بَعْدَ صَلَاةِ **...... إلخ**

ان احادیث کی سند میں عبد الرحمن بن عمرو السلمی اور حجر بن حجر الکلاعی کا مختصر تعارف

نام : عبد الرحمن بن عمرو بن عبسة

الشهرة : عبد الرحمن بن عمرو السلمي

النسب الشامي, السلمي: الرتبة : مجهول الحال

نام : حجر بن حجر

الشهرة : حجر بن حجر الكلاعي

النسب الحمصي, الكلاعي: الرتبة : مجهول الحال

ان احادیث کی سند میں عبد الرحمن بن عمرو السلمی اور حجر بن حجر مجہول راویان ہیں

واقعہ کربلا ریسرچ کے صفحہ نمبر 07 پر حدیث نمبر 15 کے حوالے سے جامع ترمذی حدیث نمبر 2287 قال ترمذی والالبانی اسناد صحیح

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا الْأَنْصَارِيُّ حَدَّثَنَا أَشْعَثُ عَنْ **الْحَسَنِ عَنْ** أَبِي بَكْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذَاتَ يَوْمٍ مَنْ رَأَى مِنْكُمْ**...... إلخ**

اس حدیث کی سند میں حسن البصری مدلس ہیں اور سماع کی صراحت نہیں ہے اور حسن البصری کی ابوبکرہ سے سماع میں بھی محدثین میں شدید اختلاف ہے اور جب کہ اس سلسلے میں ابوداؤد حدیث نمبر 4634 بھی ضعیف ہے اس کی سند میں بھی حسن البصری مدلس ہے اور ابوداؤد حدیث نمبر 4635 بھی ضعیف ہے اس کی سند میں ایک راوی علی بن زید بن جدعان ضعیف الحدیث راوی ہے اس طرح مسند احمد بن حنبل حدیث نمبر 20777 اور 20779 میں جو اسنادہ ہیں اسی حدیث کی ان میں بھی علی بن زید بن جدعان ضعیف الحدیث راوی ہے

الصحیفہ فے الاحادیث الضعیفہ من واقعہ کربلا
انجنیئر محمد علی مرزا صاحب

امام ابو عیسیٰ ترمذی رحمہ اللہ

امام ترمذی ثقہ ہونے کے ساتھ تصحیح و تحسین میں متساہل ہیں

امام ذہبی فرماتے ہیں: ابو عیسیٰ ترمذی ،ابو عبد اللہ الحاکم اور ابو بکر البیہقی متساہل تھے (القول المقبول فی تخریج و تعلیق صلوۃ رسول

اسی طرح امام ذہبی لکھتے ہیں "پس ترمذی کی تحسین سے دھوکا نہیں کھانا چاہیے کیونکہ محققین کے نزدیک ایسی اکثر روایات ضعیف ہوتی ہیں (میزان الاعتدال للذہبی)

مزید امام ذہبی فرماتے ہیں کہ پس اس وجہ سے ترمذی کی تصحیح پر علماء اعتماد نہیں کرتے (میزان الاعتدال للذہبی)

امام ابن حجر عسقلانی نے بھی امام ترمذی کو متساہل کہا ہے (فتح الباری لابن حجر)

شیخ ناصر الدین البانی رحمہ اللہ ایک حدیث پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں اور یہ بات تو بالکل واضح ہے کہ امام ترمذی رحمہ اللہ احادیث کو صحیح اور حسن قرار دینے میں متساہل ہیں(آلاحادیث الضعیفہ) اور شیخ زبیر علی زئی رحمہ اللہ بھی اپنے مقالات میں لکھ چکے ہیں کہ امام ترمذی متساہل ہیں (جامع ترمذی حدیث 257) کی تحقیق و تحکیم میں

واقعہ کربلا ریسرچ کے صفحہ نمبر 04 حدیث نمبر 08 میں سنن ابوداؤد 4607 اور جامع ترمذی 2676 کی احادیث

حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ أَنَّ سَعِيدَ بْنَ إِيَاسٍ الْجُرَيْرِيَّ أَخْبَرَهُمْ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ شَقِيقٍ الْعُقَيْلِيِّ عَنِ الْأَقْرَعِ- مُؤَذِّنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ-، قَالَ: بَعَثَنِي عُمَرُ إِلَى الْأُسْقُفِّ،...... **إلخ**

ابوداؤد کی اس حدیث کے بارے میں شیخ ناصر الدین البانی نے ضعیف الاسناد اور شیخ شیعب ارنوط نے بھی اس حدیث کو ضعیف قرار دیا ہے

اس حدیث کی سند میں اقرع مؤذن حضرت عمر کو شیخ شعیب ارنوط لکھتے ہیں کہ اقرع مجہول راوی ہے اگرچہ امام عجلی نے ثقہ اور ابن حبان نے اس کا ذکر کیا ہے لیکن امام ذہبی کہتے ہیں کہ وہ مجہول اور شیخ شیعب ارنوط کا بھی فیصلہ ہے کہ یہ راوی مجہول ہے

اب انجنیئر صاحب شیخ البانی اور شیخ شیعب ارنوط کی تحقیق کو چھوڑ کر شیخ زبیر علی زئی کی تحقیق کا سہارا لے رہے ہیں اس ریسرچ پیپر واقعہ کربلا میں انجنیئر صاحب نے اس طرح سے احادیث کی تحکیم کو نقل کیا ہوا ہے کبھی کسی کی تحکیم کا سہارا تو کبھی کسی کا یہ دوہرا معیار آخر کیوں ؟؟؟؟

الصحیفہ فے الاحادیث الضعیفہ من واقعہ کربلا
انجنیئر محمد علی مرزا صاحب

واقعہ کربلا ریسرچ پیپر صحفہ نمبر 10 حدیث نمبر 20 کے تحت المصنف ابن ابی شیبہ کی حدیث نمبر 39035 قال شیخ ارشاد الحق اثری: اسناد صحیح

حدثنا عمر بن ایوب الموصلی عن جعفر بن برقان عن یزید بن الاصم قال سال علی عن قتلی یوم صفین فقال قتلانا و قتلاھم فی الجنۃ و یصیر الامر الی و الی معاویہ (مصنف ابن ابی شیبہ) یزید بن الاصم کہتے ہیں انہوں نے صفین کے دن مولا علی علیہ السلام سے صفین کے مقتولوں کے متعلق سوال کیا تو آپ نے فرمایا میرے اور معاویہ کے مقتول جنتی ہیں اور معاملہ میرے اور معاویہ کی طرف لوٹے گا.(یعنی قیامت کو)

اس روایت کی سند مرسل ہے کیونکہ یزید بن الاصم جنگ صفین میں موجود ہی نہیں تھے تو انہوں صفین کے دن کیسے پوچھ لیا

یہ روایت منقطع ہے اس کی سند میں ایک راوی یزید بن الاصم کا سماع حضرت علی سے نہیں ہے

حافظ ذھبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں

وَلَمْ تَصِحَّ رِوَايَتُهُ عَنْ عَلِيٍّ، وَقَدْ أَدْرَكَهُ، وَكَانَ بِالكُوْفَةِ فِي خِلاَفَتِهِ .

سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے اس کی روایت صحیح نہیں ہے۔ (سير أعلام النبلاء)

